## سوال

مرنے والے کے گھر مروجہ پٹی پر بیٹھ کر مردے کے لیے مل کر ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا ÷

## جواب

تعزیت کے مروجہ طریقے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مرنے والے کے گھر پر مروجہ پٹی پر بیٹھ کر مردے کے لیے مل کر ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا کیسا ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! تعزیت کرنے کے لئے تین دن تک بیٹھنے کا مروجہ طریقہ نبی کریم سے ثابت نہیں ہے، جب بیٹھنے کا یہ طریقہ ہی ثابت نہیں ہے اور بدعت ہے تو اس سے متعلقہ تمام امور بھی غلط ثابت ہوں گے۔ لہذا تین دن تک اہتمام سے بیٹھنا، دعا کرنا اور دیگر تمام امور غلط ہونگے۔
تفصیل کے لئے فتوی نمبر (8682) پر کلک کریں۔

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/8682/0/ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث